

دوستی

"ہمیشہ آسان نہیں ہوتی"

دوست زندگی کی عظیم ترین برکات میں شمار ہوتے ہیں۔ دوستیاں ہماری زندگیوں میں الفت کے رنگ بھرتی ہیں اور مشکل وقتوں میں ہمارے لیے سہارے اور تسلی کا باعث بنتی ہیں۔ درحقیقت، تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ اگر آپ کو زندگی بھر کے لیے اچھے دوست مل جائیں تو آپ کی عمر بڑھ جاتی ہے۔ ہمیں دوسرے لوگوں کے ساتھ میل ملاپ رکھنے کے لیے پیدا کیا گیا ہے۔

لیکن آیئے! ذرا دیانتداری سے دیکھیں کہ دوستیاں جہاں انتہائی مددگار ثابت ہوتی ہیں اُنہیں پالنا اتنا آسان نہیں ہوتا۔ اگر آپ نئے دوست بنانا چاہتے ہیں تو شروعات کہاں سے کی جائے؟ لیکن آغاز میں آپ گھر میں بیٹھ کر ٹی وی دیکھنے سے نئے دوست نہیں بنا سکتے۔ جلد یا بہ دیر، آپ کو گم گشتہ سرزمینوں یعنی حقیقی دنیا کے چکر کاٹنے پڑیں گے جہاں چیزیں اکثر و بیشتر غیر متوقع اور غیر تسلی بخش طریقے سے بدل جایا کرتی ہیں۔

دوست بنانے کے لیے لوگوں سے ملاقات کہاں کی جائے؟

رضا کار بنیں، کسی این جی او (NGO) میں کام کریں، کسی مشن ٹرپ پر جائیں، کسی سیاسی مہم کے اشتہار لگائیں، کسی فارم پر جا کر جانوروں کی دیکھ بھال کریں۔ جب آپ دوسرے لوگوں کے ساتھ مل جل کر کسی



مشترکہ مقصد کے لیے کام کرتے ہیں تو اس طریقے سے آپ زیادہ جلدی دوست بنا سکتے ہیں۔

کسی اِدارے یا جماعت میں شامل ہو جائیں، ہم ایمان، ہم عقیدہ، یکساں مقصد اور یکساں اخلاقی اقدار کے حامل لوگوں سے ملاقات کرنے کے لیے بہترین جگہ عبادت گاہ سے بڑھ کر اَور کوئی نہیں ہو سکتی۔

کسی لائبریری، ڈنر کلب، آرٹ کلب، شطرنج کلب، گولف کلب وغیرہ۔ یعنی ایسے لوگوں کے ساتھ روابط قائم کرنا جو یکساں ذوق اور شوق کے حامل ہوں یقیناً ایسے لوگوں کے ساتھ ملاقات کر کے آپ کو ضرور خوشی ہو گی۔

اپنے شہر میں کھیلوں کے ذریعہ سے مختلف علاقوں اور شہروں کی مخالف ٹیموں کے ساتھ میچ کھیلنے سے بھی آپ کئی دوست بنا سکتے ہیں۔ ورزش کرنے کے لئے کسی جم میں داخلہ لیجئے اور وہاں بھی آپ کو نت نئے دوست مل جائیں گے۔

گفتگو کا آغاز کیسے کریں:

لوگوں کے ساتھ پہلی ملاقات میں گفتگو کا آغاز کرنے میں سب کو کسی نہ کسی حد تک مشکل کا سامنا ضرور کرنا پڑتا ہے لیکن ذیل میں چند اہم تجاویز پیش کی جا رہی ہیں جن کی مدد سے آپ اجنبی لوگوں کے ساتھ بھی معقول اور برمحل جملوں کی مدد سے بہترین گفتگو کا آغاز کر سکتے ہیں، جیسے کہ

- آج یہاں کیسے آنا ہوا؟
- آپ کہاں سے آئے ہیں؟
- آپ کی شرٹ بہت اچھی ہے، کہاں سے خریدی تھی آپ نے؟

دنیا بھر کے حالات وواقعات سے آگاہ رہیں:

آپ جس قدر زیادہ باخبر ہوں گے اُسی قدر آپ کے لئے گفتگو کا موقع زیادہ ہوگا۔ کسی بھی دلچسپ بات سے گفتگو کا آغاز کریں۔ کل مَیں نے بڑی مضحکہ خیز چیزیں دیکھیں، کیا آپ کا بھی اتفاق ہوا؟ اس کے بعد آپ کے پاس پورا موقع ہوگا کہ آپ اس کی تفصیل بتانا شروع کر دیں۔

اپنی ذات سے متعلق باتیں کرنے سے گریز کریں:

یہ نکتہ نہایت اہمیت کا حامل ہے کہ لوگوں سے اُن کے بارے میں زیادہ سے زیادہ سوالات پوچھیں۔ ان کی چیزوں، ان کے کام کاج اور شہر یا ملک کے بارے میں پوچھیں تو یوں وہ آپ کے سامنے زیادہ کھُلتے اور مزید کھُلتے جائیں گے۔



دوسری ملاقات کا انتظام کریں:

ہمیشہ دعوت دینے میں پہل کریں۔ یہ کہنا بہت آسان ہے کہ ہم پھر کسی وقت دوبارہ ضرور ملیں گے۔ لیکن اس کے بعد فالواپ کے طور پر کوئی دن اور وقت ضرور منتخب کریں۔ زیادہ تر لوگ پیروی کے عادی ہوتے ہیں اور دعوت ملتے ہی ہاں بول دیتے ہیں۔

محض واقفیت کو دوستی میں تبدیل کریں:

کچھ لوگوں کی واقفیت تو بہت ہوتی ہے لیکن ان کے دوست بہت کم ہوتے ہیں۔ دوستوں اور واقف کاروں کے درمیان کیا فرق ہوتا ہے؟ واقف کار سے تو آپ کی ہر روز ملاقات ہوتی ہے، لیکن یہ ملاقات کبھی دوستی میں نہیں ڈھل سکتی بلکہ محض گفتگو تک محدود رہتی ہے۔ اگر آپ کسی اچھے دوست کی تلاش میں ہیں، یعنی وہ شخص جس پر آپ واقعی بھروسہ اور اعتماد کر سکیں، تو پھر آپ کو سب لوگوں سے ہیلو ہائے کرنے کے بجائے کچھ لوگوں کے ساتھ گہرے مراسم قائم کرنے کی ضرورت ہے۔



واقفیت سے دوستی کی طرف بڑھنے کی چند اہم تجاویز:

- لوگوں سے ویسا ہی برتاؤ کریں جیسا برتاؤ آپ اپنے لیے چاہتے ہیں۔ گفتگو کے دوران دوسرے شخص کا نام بار بار استعمال کیجئے۔ جب دوسرا شخص بات کر رہا ہو تو اس کی آنکھوں کی طرف دیکھیں اور پوری توجہ سے اس کی بات سنیں اور اس دوران اس کے کندھوں سے پیچھے کی طرف یا بے توجہی کے ساتھ کسی اَور طرف مت دیکھیں۔ تعریف کرنے میں فیاض دلی کا مظاہرہ کریں۔ ہر شخص چاہتا ہے کہ اُسے دیکھا اور سنا جائے۔
- خود کو قابلِ اعتماد انسان ثابت کریں۔ اگر آپ نے کہہ دیا کہ فلاں کام آپ کریں گے تو پھر کر دکھائیں۔ اگر نہیں کر سکتے تو پوری دیانتداری سے بتا دیں کہ آپ کیوں وہ کام نہیں کر سکتے، کوئی شخص مایوسی کا سامنا نہیں کرنا چاہتا۔
- مسکرائیں۔ خوشی اچھوت ہوتی ہے اور بہت جلد پھیلتی ہے کیونکہ ایسے لوگ دوستوں کی قربت پسند کرتے ہیں جو ہنسی خوشی کو زیادہ پسند کرتے ہیں۔ کوئی شخص اداس اور مایوس شخص کے پاس زیادہ دیر بیٹھنا پسند نہیں کرتا۔ اس کے پیچھے بڑی گہری سچائی پوشیدہ ہے کہ ”ایک اچھا دوست پانے کے لیے خود اچھا دوست بن کر دکھائیں۔

EVERYHOME

57-H, Block-6, PECHS Karachi. 75400 Pakistan
H # 1761-D, Block-J, Nishat Colony, Lahore.
Ph: 021-34380601, 042-37138056, UAN: 0304-1110720